آزاد جموں وکشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد

# "ماحصل تحقیقات"

شکایت نمبر :۔ 97/2018 تاریخ رجوعہ:۔ 26-01-2018 تاریخ فیصلہ:۔ 08-08-2018

شکایت کنندگان:۔
عمران اورنگ زیب ولد اورنگ زیب ، عاطف حنیف ولد محمد حنیف ، سکنہ بڑھنگ تحصیل وضلع بھمبر، آزادکشمیر۔

ایجنسی :۔
آزاد جموں وکشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی(AJK-TEVTA) آزادحکومت ریاست جموں وکشمیر

تحقیقاتی آفیسر کا نام وعہدہ:۔ انوارالحق انوار ڈائریکٹر (اول)

عنوان:۔ ادائیگی بقایا تنخواہ از مورخہ 14-06-2008 تا 10-09-2012 بخلاف ترقیاتی سکیم "Establishment of 42 Skill Development Centres in AJK".

-1 شکایت کے واقعات اس طرح ہیں کہ شاکیان کی ایجنسی نے تقرریاں عمل میں لاتے ہوئے بڑھنگ سکول میں تعینات کیا جہاں چار سال تک شاکیان حاضر ڈیوٹی رہے لیکن انہیں تنخواہ کی ادائیگی نہیں کی گئی ۔ شاکیان نے متعلقہ کاغذات شامل کرتے ہوئے بقایا تنخواہ دلوائے جانے کی استدعا کی ۔

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

-2 شکایت پر ایجنسی (ڈائریکٹرایڈمن/فنانس آزادجموں وکشمیرٹیوٹا) نے پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی نیوسٹی میرپور کے حوالہ سے رپورٹ پیش کی کہ "Establishment of 42 Skill Development Centres in Azad Jammu & Kashmir" سکیم کے تحت ضلع بھمبر میں کل چار Skill Development Centre محکمہ تعلیم کے ہائی سکولز میں قائم کیئے گئے تھے ۔ بڑھنگ کے مقام پر کوئی Centre قائم نہیں ہوا ۔ نظامت TEVTA نے شاکیان کے احکام تقرری میں سہواً SDC بڑھنگ تحریر کر دیا ۔ اس حوالہ سے پرنسپل (وقت) نے مورخہ 22-10-2008 کو ڈائریکٹر TEVTA کو صورت حال سے آگاہ کیا کہ بڑھنگ میں Skill Centre قائم نہ ہے ۔ پرنسپل (وقت) نے شاکیان کو بذریعہ فون و باالمشافہ بھی کہا کہ بڑھنگ ہائی سکول میں کوئی Centre قائم نہیں اس لیئے شاکیان بنڈالہ سماہنی Centre میں حاضر آئیں لیکن وہ حاضر نہ آئے ۔ ایسی صورت میں انہیں کیوں کر تنخواہ کی ادائیگی ممکن ہوسکتی تھی ۔ صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ نے اپنے مکتوب محررہ 11-09-2012 میں تحریر کیا کہ ایک اہلکار مورخہ 24-05-2011 تا 30-05-2012 طویل رخصت کے استفادہ کے بعد مورخہ 31-05-2012 کو حاضر ڈیوٹی ہوگیا ہے حالانکہ یہ سکیم مورخہ 11 اپریل 2011 کو ختم ہوگئی تھی ۔ صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ نے شاکیان کو اپنے طور پر حاضر رکھا جس کا کوئی قانونی جواز نہ تھا اور نہ ہی وہ اہلکاران کی چھٹی منظور کرنے کا اختیار رکھتے تھے ۔ صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ نے اس معاملہ میں جو بھی خط وکتابت کی ہے وہ براہ راست مرکزی دفتر سے کی ہے جس کی کوئی نقل انہیں نہیں بھیجی گئی ۔ چونکہ بڑھنگ Centre شروع دن سے قائم نہیں ہوا اس لیئے ان اہلکاران کو تنخواہ کی ادائیگی ممکن نہ تھی ۔ البتہ یہ بنڈالہ Centre حاضر ہو جاتے تو انہیں تنخواہ کی ادائیگی ممکن ہوسکتی تھی ۔ بالا رپورٹ کی روشنی میں ایجنسی سے مزید وضاحت کے لیئے متعدد مکاتیب لکھے گئے لیکن ایجنسی کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا البتہ صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ نے اپنی رپورٹ میں

(جاری برصفحہ -02)

واضح کیا کہ ہر دو اہلکاران اپنے احکامات تقرری کے حوالہ سے اولاً مورخہ 21-06-2008 کو سکول میں حاضر ہوئے جبکہ مسٹر عمران 24-05-2011 تا 30-05-2011 طویل رخصت کے بعد دوبارہ 31-05-2012 کو حاضر ہو کر مورخہ 21-12-2012 تک حاضر رہا جبکہ عاطف حنیف تقریباً 07 ماہ کے علاوہ اولین حاضری سے مورخہ 15-12-2012 تک حاضر ڈیوٹی رہا - ہر دو اہلکاران کی تنخواہ کے حوالہ سے ایجنسی کو متعدد مکاتیب تحریر کیئے گئے لیکن ایجنسی کی جانب سے کوئی جواب نہ دیا گیا-

-3 رپورٹ ایجنسی پر شاکیان نے اپنے جواب میں واضح کیا کہ پرنسپل گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی نیو سٹی میرپور نے انہیں کوئی فون نہیں کیا اور نہ ہی ان کی جانب سے کوئی لیٹر موصول ہوا - شاکی عمران کے حق میں درخواست رخصت سکول سے TEVTA کو ارسال ہوئی تھی لیکن ان کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا - اگر 11-04-2011 کو یہ سکیم ختم ہو گئی تھی تو بذریعہ لیٹر شاکیان کو مطلع کرنے میں کیا امر مانع تھا - اگر بڑھنگ میں SkillCentre قائم نہیں تھا تو بڑھنگ میں ان کی تقرریاں کیوں کر عمل میں لائی گئیں اور اگر تقرریاں سہواً ہوئیں تو ان کی منسوخی بھی کی جا سکتی تھی ، جو کہ نہیں کی گئیں - اگر ان کو Skill Centre بنڈالہ حاضر ہونے کی ہدایت کی جاتی تو وہ کیوں بڑھنگ حاضر رہتے ایسی کوئی ہدایت/حکم نامہ جاری نہ ہوا اور نہ انہیں موصول ہوا - شاکیان نے ازالہ ناانصافی کی استدعا کی-

-4 معاملہ شکایت ، رپورٹ ایجنسی ، جواب شاکیان اور دستیاب ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا گیا - ایجنسی نے شاکیان کی بطور جونیئر کلرک بی -7 اور نائب قاصد بی -1 تقرریوں کی نسبت الگ الگ حکم محررہ 14-06-2008 جاری کیئے جن کے اقتباسات بذیل ہیں ،

Anwar
Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

آزاد جموں وکشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی
AJK TEVTA

حکم :-

مجاز اتھارٹی AJK TEVTA نے مسٹر عمران خان ولد اورنگ زیب سکونت بڑھنگ تحصیل وضلع بھمبر کی تقرری بحیثیت جونیئر کلرک در سکیل بی پی ایس-7 معہ مروجہ الاؤنسز در سکل ڈویلپمنٹ سینٹر (SDC) بمقام ہائی سکول بڑھنگ تابع توثیق سلیکشن کمیٹی بخلاف ترقیاتی سکیم " Establishment of 42 Skill Development Centres in AJK" بدیں شرائط عمل میں لائے جانے کی منظوری صادر فرمائی ہے ،

شرائط :-

-1 یہ تقرری قطعی عارضی/کنٹریکٹ بنیاد پر ہو گی -
-2 آسامی باقاعدہ مشتہر ہو کر سلیکشن کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں پر کی جائے گی -
-3 موجودہ تقرری سے مستقل تقرری کی نسبت کوئی استحقاق پیدا نہیں ہو گا -
-4 مستقل تقرری کی صورت میں یہ حکم از خود بغیر کسی مزید نوٹس کے ختم تصور ہو گا -
-5 حکم ہذا کا اطلاق تاریخ حاضری سے ہو گا -

دستخط
اسسٹنٹ ڈائریکٹر (اوپریشن)

(جاری بر صفحہ -03)

آزاد جموں و کشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد

محتسب آزاد جموں و کشمیر



نمبر/2008/AJKTEVTA/2277-83 مورخہ 14-06-2008

آزاد جموں و کشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی
AJK TEVTA

حکم:-

مجاز اتھارٹی AJK TEVTA نے مسٹر عاطف حنیف ولد محمد حنیف سکونت بڑھنگ تحصیل و ضلع بھمبر کی تقرری بحیثیت نائب قاصد در سکیل بی پی ایس -1 معہ مروجہ الاؤنسز در سکل ڈویلپمنٹ سینٹر (SDC) بمقام ہائی سکول بڑھنگ تابع توثیق سلیکشن کمیٹی بخلاف ترقیاتی سکیم "Establishment of 42 Skill Development Centres in AJK" بدیں شرائط عمل میں لائے جانے کی منظوری صادر فرمائی ہے،
شرائط:-

-1 یہ تقرری قطعی عارضی/کنٹریکٹ بنیاد پر ہو گی۔
-2 آسامی باقاعدہ مشتہر ہو کر سلیکشن کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں پر کی جائے گی۔
-3 موجودہ تقرری سے مستقل تقرری کی نسبت کوئی استحقاق پیدا نہیں ہو گا۔
-4 مستقل تقرری کی صورت میں یہ حکم از خود بغیر کسی مزید نوٹس کے ختم تصور ہو گا۔
-5 حکم ہذا کا اطلاق تاریخ حاضری سے ہو گا۔

Anwar
Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

دستخط
اسسٹنٹ ڈائریکٹر (ایڈمن)

نمبر/2008/AJKTEVTA/2270-76 مورخہ 11-06-2008

مندرجہ بالا احکامات مرکزی دفتر سے اسسٹنٹ ڈائریکٹر آپریشن نے جاری کیئے جن کی روشنی میں ہر دو شاکیان نے مورخہ 21-06-2008 کو صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ کے پاس حاضری رپورٹ ہاء پیش کیں - ہر دو حاضری رپورٹ ہاء پر صدر معلم نے بذیل Remarks ثبت کیئے،

"اہلکاران کو آج مورخہ 21-06-2008 قبل دوپہر حاضر ہونے کی اجازت دی جاتی ہے تاہم تنخواہ کی ادائیگی بجٹ کی فراہمی پر ہی کی جائے گی"۔

دستخط و مہر
صدر معلم
گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ ضلع بھمبر آزاد کشمیر

شکایت سے منسلکہ صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ کے ایجنسی کے مرکزی دفتر کو لکھے گئے مکتوبات میں سے ایک مکتوب محررہ 11-09-2012 کا اقتباس بذیل ہے،

(جاری بر صفحہ 04-)

آزاد جموں و کشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد

(04)

از دفتر صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ
ضلع بھمبر آزاد کشمیر

حوالہ نمبر 225/HSB/12 مورخہ 11-09-2012

بخدمت اسسٹنٹ ڈائریکٹر صاحب (آپریشن) آزاد جموں و کشمیر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی مظفرآباد

عنوان :- TEVTA یکسو کرنے معاملہ تقرر شدہ ملازمین محکمہ

معاملہ عنوان الصدر میں تحریر ہے کہ محکمہ TEVTA نے درج ذیل ملازمین کی تقرری کا حکم جاری کیا،

-1 زیر نمبر 2008/AJKTEVTA/2277-83/ مورخہ 14-06-2008 مسٹر عمران خان ولد اورنگ زیب ساکن بڑھنگ کی تقرری بطور جونیئر کلرک درسکیل بی-7، SDC بڑھنگ میں عمل میں لائی گئی -

-2 زیر نمبر 2008/AJKTEVTA/2270-76/ مورخہ 14-06-2008 مسٹر عاطف حنیف ولد محمد حنیف کی تقرری بطور نائب قاصد (SDC) سکل ڈویلپمنٹ سینٹر ادارہ ہذا عمل میں لائی گئی -

-3 متذکرہ بالا ہر دو اہلکاران مورخہ 21-06-2008 سے تا حال (مورخہ 10-09-12) مسلسل حاضر ڈیوٹی ہیں بلکہ نمبر شمار 1 بالا مورخہ 24-05-2011 تا 30-05-2012 طویل رخصت سے استفادہ کے بعد مورخہ 31-05-2012 سے دوبارہ حاضر ڈیوٹی ہو گیا ہے۔ جس کی تحت ضابطہ درخواست رخصت اور بعد از رخصت رپورٹ حاضری معہ متعلقہ احکام بغرض مناسب کارروائی ارسال کی جا چکی ہے -

-4 متذکرہ اہلکاران کے معاملہ کو یکسو کرنے کے لیئے زیر نمبر 219/HSB/12 مورخہ 04-09-2012 زیر نمبر 184/HSB مورخہ 12-06-2012 زیر نمبر 152/HSB/11 مورخہ 28-05-2011، زیر نمبر 190/HSB/10 مورخہ 30-08-2010، زیر نمبر 211/HSB/08 مورخہ 30-08-2008 زیر نمبر 281/HSB/09 مورخہ 17-11-2009 زیر نمبر 102/HSB مورخہ 29-04-2010 علاوہ ازیں بھی متعدد بار خط و کتابت کی گئی ہے جس کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا -

-5 متذکرہ بالا اہلکاران کے حق میں نہ تو تنخواہ جاری کی گئی اور نہ ہی انہیں کوئی مزید حکم جاری کیا گیا - لہذا بمہربانی درج بالا ہر دو اہلکاران کا معاملہ یکسو فرمایا جائے -

-6 ان اہلکاران کی تقرری ادارہ ہذا کے SDC میں کی گئی اس لیئے یہ ادارہ ہذا کے مسئلہ کا باعث ہیں - اگر ان کی تقرری کی گئی ہے تو تنخواہ کی ادائیگی بھی متعلقہ محکمہ کی ذمہ داری ہے -

Anwar
Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

دستخط و مہر
(شبیر احمد)
ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی سکول
بڑھنگ بھمبر آزاد کشمیر

(جاری بر صفحہ -05)

آزاد جموں و کشمیر
محتسب (اومبڈسمین) سیکرٹریٹ
مظفرآباد



صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ نے اپنی جدید رپورٹ محررہ 27-02-2018 میں واضح کیا کہ دونوں اہلکاران مورخہ 21-06-2008 کو انکے پاس حاضر ہوئے جبکہ مسٹر عمران جونیئر کلرک 24-05-2011 تا 30-05-2012 رخصت پر رہا اور مورخہ 31-05-2012 کو دوبارہ حاضر ڈیوٹی ہو گیا اور مورخہ 21-12-2012 تک حاضر رہا جبکہ عاطف حنیف 07 ماہ کے علاوہ مورخہ 15-12-2012 تک حاضر رہا - ہر دو اہلکاران کے احکامات تقرری محکمہ TEVTA نے جاری کیئے اور مزید کوئی حکم/ہدایت جاری نہیں ہوئی متعدد مکاتیب اہلکاران کے معاملہ کی یکسوئی/ادائیگی تنخواہ کے لیئے ارسال کیئے گئے لیکن TEVTA نے کسی قسم کا کوئی جواب نہ دیا-

جبکہ ایجنسی (ناظم ایڈمن/فنانس ٹیوٹا مظفرآباد) سے اس امر کی وضاحت طلب کی گئی کہ جب بڑھنگ میں کو SDC سینٹر قائم نہیں ہوا تو شاکیان کی بڑھنگ ہائی سکول میں تقرری کیوں کر کی گئی نیز پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ نیوسٹی میرپور کے مطابق صدر معلم نے شاکیان کی تقرری/تنخواہ کے حوالہ سے جملہ خط و کتابت مرکزی دفتر سے کی لیکن شاکیان کے حوالہ سے مرکزی دفتر نے اولاً غلط احکام جاری کیئے اور ثانیاً صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ کے مکاتیب کے حوالہ سے کسی قسم کی کارروائی عمل میں نہیں لائی - اگر تقرریوں کا اختیار مرکزی دفتر نے استعمال کیا تو غلطی کی ذمہ داری کسی دوسرے پر کیوں کر عائد کی جا سکتی ہے لیکن متعدد مکاتیب اجراء ہونے کے باوجود ایجنسی نے کوئی جواب نہ دیا - اسطرح یہ امر واضح ہے کہ ایجنسی نے مرکزی دفتر سے ہر دو شاکیان کے احکامات تقرری جاری کرتے ہوئے گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ تعینات کیا اور اگر احکام سہواً اجراء ہوئے تب بھی ان احکام کو منسوخ کیا جا سکتا تھا لیکن ایسی کوئی کارروائی عمل میں نہیں آئی جس کی بناء شاکیان کو تنخواہ کے حق میں محروم نہیں کیا جا سکتا- صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ مسلسل اس حوالہ سے مرکزی دفتر سے خط و کتابت کرتے رہے لیکن ان کی کوئی شنوائی نہ ہوئی اس طرح بڑھنگ میں کوئی SDC قائم نہ ہونے کے باوجود شاکیان کی بڑھنگ میں تقرریاں کر کے اور اس سہو کی بروقت عدم درستگی اور صدر معلم ہائی سکول بڑھنگ کی جانب سے مسلسل خط و کتابت کے باوجود کوئی کارروائی عمل میں نہ لا کر اور شاکیان کو حاضر ڈیوٹی رہنے کے باوجود تنخواہ کی ادائیگی نہ کر کے ایجنسی واضح طور "بدانتظامی" کی مرتکب ہوئی ہے-

-5 لہذا محتسب ایکٹ 1992 کی دفعہ 11 کے تحت ایجنسی کو ہدایت کی جاتی ہے کہ،

(الف) مطابق تصدیق صدر معلم گورنمنٹ ہائی سکول بڑھنگ شاکیان کے عرصہ تاریخ حاضری تا تاریخ اختتام سکیم 11-04-2011 کی تنخواہ کی ادائیگی کرتے ہوئے تعمیلی رپورٹ ادارہ ہذا کو <u>اندر ایک ماہ</u> فراہم کی جائے -

(ب) ایجنسی کے پرنسپل آفیسر کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ غفلت / لاپرواہی اور غیر ذمہ داری کے مرتکب آفیسران کے خلاف Azad Jammu & Kashmir Removal from Service (Special Powers) Act 2001 کے تحت کارروائی عمل میں لائیں -

دستخط/-
(ظفر حسین مرزا)
محتسب
آزاد جموں و کشمیر

Director
Mohtasib Secretariat
AJK Muzaffarabad

مظفرآباد
تحریر 08/اگست 2018